# ہدایات برائے داخلہ ڈپلومہ / شارٹ کورسز

## ادارہ برائے فروغ تعلیم و توسیع

## چولستان یونیورسٹی آف ویٹیرنری اینڈ اینیمل سائینسز بہاولپور

**چولستان یونیورسٹی پہنچنے کا آسان راستہ:**

چولستان یونیورسٹی آف ویٹیرنری اینڈ اینیمل سائینسز بہاولپور پنجاب کے شہر بہاولپور میں ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی (ڈی-ایچ-اے) کے ساتھ واقع ہے۔ یہ یونیورسٹی بزمان روڈ اور شاہی نہر کے قریب واقع ہے۔ اور ڈی-ایچ-اے بہاولپور کے ساتھ ملحق ہے۔ یہاں پر پہنچنے کے لیے بزمان روڈ بہاولپور سے ہوتے ہوئے شاہی نہر پر پہنچ کر رحیم یار خان کی طرف نہر کے کنارے تھوڑا سا چلنے کے بعد نہر پر موجود ڈی-ایچ-اے کے گیٹ سے اندر داخل ہو کر سیدھا ایک چوک پر پہنچ کر دائیں جانب مڑ کر سیدھا ڈی-ایچ-اے کے دوسرے گیٹ سے باہر نکلیں تو سامنے آپکو یونیورسٹی کی ایک بہت بڑی چار دیواری نظر آئے گی۔ اسکے مین دروازے سے داخل ہونے کے بعد دائیں طرف پہلی بلڈنگ کے پہلے کمرے میں داخلہ کے متعلق معلومات فراہم کی جاتی ہیں۔ کرونا کے پیش نظر بہتر ہے کہ آپ ایڈمشن آفس کے پی ٹی سی ایل نمبر 062-9255722 پر رابطہ کر کے معلومات حاصل کر کے کسی بھی کمپیوٹر والے سے آن لائن اپلائی کر سکتے ہیں

ادارہ فروغ تعلیم و توسیع جس کا مقصد ویٹیرنری کے متعلقہ دو سالہ اور چھ ماہ والے کورس کروانا ہے۔

**Fee Structure of ICE&E (Diploma and Short Courses), Fall 2021**

| کورس کا نام | تعلیمی قابلیت | کم از کم نمبر | سیٹوں کی تعداد | دورانیہ | عمر | فیس | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | آن لائن اپلائی فیس | فی سمسٹر | سیکیورٹی |
| **لائیوسٹاک اسسٹنٹ ڈپلومہ (مارننگ)** | میٹرک بیالوجی | 45٪ | 80 | دو سالہ | 25 سال | مفت | 15000 روپے | 3000 روپے |
| **لائیوسٹاک اسسٹنٹ ڈپلومہ (ایوننگ)** | میٹرک بیالوجی | 45٪ | 50 | دو سالہ | 25 سال | مفت | 25000 روپے | 5000 روپے |
| **پولٹری اسسٹنٹ ڈپلومہ** | میٹرک بیالوجی | 45٪ | 80 | دو سالہ | 31 سال | مفت | 15000 روپے | 3000 روپے |
| **مصنوعی نسل کشی** | میٹرک | 45٪ | 40 | چھ ماہ | 31 سال | مفت | 3700 روپے | 600 روپے |
| **ولیج ویٹیرنری ورکر** | مڈل | 45٪ | 40 | چھ ماہ | 31 سال | مفت | 3700 روپے | 600 روپے |
| **پولٹری فارم مینیجر** | مڈل | 45٪ | 40 | چھ ماہ | 31 سال | مفت | 3700 روپے | 600 روپے |
| **ڈیری فارم مینیجر** | مڈل | 45٪ | 40 | چھ ماہ | 31 سال | مفت | 3700 روپے | 600 روپے |
| **لائیوسٹاک ایجوکیشن (آن لائن)** | خواندہ یا غیر خواندہ | کوئی حد نہیں | 40 | چھ ماہ | کوئی حد نہیں | مفت | 3700 روپے | 600 روپے |

**آن لائن اپلائی کرنے کیلیے ضروری کاغذات:**

(الف) شناختی کارڈ کی دونوں سائیڈوں کی تصاویر (ب) طالبعلم کی تصویر (پ) میٹرک یا مڈل کے رزلٹ کارڈ کی تصویر

**نوٹ:**

(الف) میٹرک آرٹس / سائنس / علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے رزلٹ والے طالبعلم مصنوعی نسل کشی، ولیج ویٹیرنری ورکر / ڈیری فارم مینیجر / پولٹری فارم مینیجر پر اپلائی کر سکتے ہیں۔

(ب) ضروری کاغذات، تمام تصاویر، 50 کے بی سے کم سائز کی ہونی چاہیں

(ج) پرنٹر کی سہولت۔ ایسے کمپیوٹر والے کے پاس جائیں جس کے پاس پرنٹر کی سہولت ہو

**رجسٹریشن کا طریقہ:**

اگر آپکے پاس ای میل نہیں ہے تو سب سے پہلے گوگل پر جا کر اپنی جی میل بنائیں اور اسکا پاسورڈ لکھ لیں۔ اسکی آپکو مستقبل میں اور رجسٹریشن میں ضرورت پڑے گی اپنی جی میل آئی ڈی بنانے کے بعد اپنے آپکو چولستان یونیورسٹی کے لیے رجسٹر کریں اور لاگن بنائیں۔ اسکے لیے آپ اپنا بھائی یا والد کا شناختی کارڈ بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

1- اگر آپ لائیوسٹاک اسسٹنٹ یا پولٹری اسسٹنٹ ڈپلومہ کرنا چاہتے ہیں تو اسکے لیے اپنے آپکو ڈپلومہ کے لیے رجسٹر کرنا ہے۔ اور تعلیم کے اندر میٹرک سائنس یا میٹرک سائنس بیالوجی کا انتخاب کرنا ہوگا۔

2- اگر آپ مصنوعی نسل کشی کرنا چاہتے ہیں تو اسکے لیے اپنے آپکو شارٹ کورس کے لیے رجسٹر کرنا ہے۔ اور تعلیم کے اندر میٹرک کا انتخاب کرنا ہوگا۔ میٹرک آرٹس والے بھی مصنوعی نسل کشی کے لیے اپلائی کر سکتے ہیں۔

3- اگر آپ ولیج ویٹیرنری ورکر / پولٹری فارم مینیجر / ڈیری فارم مینیجر کرنا چاہتے ہیں تو اسکے لیے اپنے آپکو شارٹ کورس کے لیے رجسٹر کرنا ہے۔ اور تعلیم کے اندر مڈل / میٹرک کا انتخاب کرنا ہوگا اور مڈل پاس طالبعلم اپنا رزلٹ کارڈ پنجاب ایگزامینشن کمیشن یا اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر سے مڈل پاس کا سرٹیفیکیٹ حاصل کریں جس پر طالبعلم کے کل نمبر اور حاصل کردہ نمبر درج ہوں۔ میٹرک آرٹس / سائنس / علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی والے طالبعلم ولیج ویٹیرنری ورکر / ڈیری فارم مینیجر / پولٹری فارم مینیجر پر اپلائی کر سکتے ہیں۔

ICT Based Livestock Education (Online) -4

یہ کورس چھ ماہ پر مشتمل ہے۔ جس میں داخلہ لینے کے لیے کسی بھی تعلیم یا عمر کی کوئی حد نہ ہے۔ یہ کورس غیر خواندہ فارمر حضرات، ڈیری، ویٹیرنری اور پولٹری ورکرز یا ایسے حضرات جو کہ فیلڈ میں کام کر رہے ہیں جیسا کہ ولیج ویٹیرنری ورکر

وغیرہ جن کے پاس یونیورسٹی میں آ کر باقاعدہ کلاسز لینے کا وقت نہ ہے۔ انکے لیے یہ کورس خصوصی طور پر ڈیزائن کیا گیا ہے۔ اس کورس کی کلاسز اور امتحان بھی آن لائن ہوگا۔ کورس کی تکمیل پر کامیاب طالبعلم کو انٹرنشپ پر بھی بھیجا جائے گا۔ اس کورس کے لیے آن لائن اپلائی کرنے کے لیے اپنے آپکو شارٹ کورس کے لیے رجسٹر کرنا ہوگا اور تعلیم کے اندر مڈل کا انتخاب کرنا ہوگا۔

اپنی تاریخ پیدائش حاصل کردہ نمبر اور کل نمبر درست لکھیں۔ اپنی تصویر بھی سب سے پہلے لگائیں یہاں پر غلطی کی صورت میں آپ کورس کا انتخاب نہیں کر سکیں گے کورس کا انتخاب نا ہونے کی صورت میں اپنے نمبرز کی مطلوبہ فیصد اور اپنی مطلوبہ عمر کو چیک کریں۔ آپکی مطلوبہ عمر اور نمبر پورا ہونے کے بعد ہی آپ کورس کا انتخاب کر سکیں گے۔ تمام کورسز اوپن میرٹ پر ہیں۔ اپنے ذاتی کوائف اور تعلیم کی درست معلومات درج کرنے کے بعد آپ کورس منتخب کرنے پر جائیں۔ **آن لائن اپلائی فیس بالکل مفت ہے۔** آن لائن الائی کرنے کی آخری تاریخ **17 ستمبر 2021** ہے **کسی قسم کی کوئی اپلائی فیس نہ ہے۔ چالان فارم پرنٹ یا بنک میں جمع کروانے کی کوئی ضرورت نہ ہے۔** اور میٹرک کی سند / رزلٹ کارڈ اور شناختی کارڈ کی تصویر **(ہر کاغذ کی تصویر 50 کے بی سے کم ہو)**۔ اپلوڈ کروائیں اور درخواست مکمل ہونے پر تصدیق کریں۔ اور درخواست کو جمع کروائیں۔ اور اپنی درخواست کا پرنٹ نکال کر اپنے پاس رکھ لیں۔ اپنی ای میل اور رجسٹریشن والا پاسورڈ بھی اپنے پاس محفوظ رکھیں۔ اور چار دن کے بعد اپنے لاگ ان سے اپنی درخواست کی تصدیق کر لیں۔ ویب سائیٹ پر دی گئی اہم تاریخ پر اپنے لاگ ان کے اندر یا ویب سائیٹ پر میرٹ لسٹ میں اپنے نام کا انتظار کریں۔ اور ہدایات پر عمل کریں۔

ضروری فیس کا انتظام کر کے رکھیں تا کہ میرٹ لسٹ میں نام آنے کی صورت میں فیس بروقت جمع کروا سکے۔ درخواست جمع کروانے میں کسی بھی مشکل کی صورت میں یا میرٹ لسٹ میں نام نا آنے کی صورت میں ڈاکٹر مشتاق احمد، ڈائیریکٹر، ادارہ برائے فروغ تعلیم و توسیع سے ان نمبرز پر 062-9255722 نمبر یا 0333-4606352 یا 0309-9398356 پر بھی رابطہ کر کے رہنمائی حاصل کی جاسکتی ہے۔

**ایڈمشن سیل:** چولستان یونیورسٹی آف ویٹیرنری اینڈ اینیمل سائینسز بہاولپور

آپکا میرٹ لسٹ میں نام نہ آنے کی صورت میں admissions@cuvas.edu.pk ای میل کے زریعے رابطہ کریں۔

062-9255722

**نوٹ:** ایسے طلباء جن کو مندرجہ بالا ہدایات کے باوجود آن لائن اپلائی کرنے میں دشواری کا سامنا ہے۔ اور وہ کسی مجبوری کی بنا پر آن لائن اپلائی نہیں کر سکتے تو وہ یونیورسٹی ہذا کی ویب سائیٹ پر موجود ادارہ برائے فروغ تعلیم و توسیع کے داخلہ فارم کو ڈاؤن لوڈ کر کے پرنٹ کرنے کے بعد اس فارم کو پر کر کے متعلقہ کاغذات منسلک کر کے فارم کے اوپر دیئے گئے پتے پر بزریعہ ٹی سی ایس کے زریعے بھیج دیں۔ داخلہ فارم حاصل کرنے کے خواہشمند طلباء ہمیں لفظ **فارم** لکھ کر 0333-4606352 پر وٹس ایپ کریں۔ آپکو داخلہ فارم وٹس ایپ پر بھیج دیا جائے گا۔